آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمدپور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

منیجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز منگل 20 اکتوبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 200

حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتا نہیں ہو سکتا، ترجمان پاک فوج

مشرق وسطی تنازع پر مذاکرات کے ذریعے سیاسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے جب کہ مذاکراتی حل میں ناکامی اور فوجی تصادم پر مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئیگا، عرب ٹی وی کو انٹرویو

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ بہت کم وقت میں آگے بڑھا ہے، یہ معاہدہ تین مالک کی سوچ کا مجموعہ ہے، سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کیلئے اولین ترجیح ہے



راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ مشرق وسطی تنازع پر مذاکرات کے ذریعے سیاسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے جب کہ مذاکراتی حل میں ناکامی اور فوجی تصادم پر مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئیگا۔ عرب ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ بہت کم وقت میں آگے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر بہاولپور کی زیر صدارت بلڈنگ سیفٹی سرٹیفکیٹس کے اجرا کے حوالے سے جائزہ اجلاس

ڈویژن بھر کے سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کی عمارتوں کی حفاظت سے متعلق امور کا جائزہ لیا

بہاول پور (پ ر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چین جی ڈی پی میں 9 ماہ کے دوران 4.6 فیصد اضافہ

بیجنگ (سی ایم لنکس) رواں سال کی پہلی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فضل الرحمان سیاسی مقاصد کیلئے اداروں کو نشانہ بنا رہے ہیں، حنیف عباسی

مولانا فضل الرحمان اپنے سیاسی مقاصد کیلئے اداروں کو نشانہ بنا رہے ہیں، ان کی باتیں بہت تکلیف دے رہی ہیں، اقتدار نہ ملنے کی وجہ سے مولانا ایسی باتیں کر رہے ہیں

اپنے سیاسی مقاصد کیلئے کسی ادارے کو نشانہ بنانا قابل مذمت ہے، مولانا دہشت گردوں کی حمایت کرنے والوں کا ساتھ دے رہے ہیں



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان اپنے سیاسی مقاصد کیلئے اداروں کو نشانہ بنا رہے ہیں، ان کی باتیں بہت تکلیف دے رہی ہیں، اقتدار نہ ملنے کی وجہ سے مولانا ایسی باتیں کر

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی سے طلبہ اور اساتذہ کے لیے ترقی کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

وزیراعظم کا وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان تعاون کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت طلبہ کی معیاری تعلیم اور انہیں جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی، وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان تعاون

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاق کے ساتھ چلیں گے، سب صوبوں کو ایک پیج پر ہونگے، فیصل کریم کنڈی

وفاق کے ساتھ چلیں گے، سب صوبوں کے ساتھ ایک پیج پر ہوں گے، اب ہمارے اختلافات نہیں ہوں گے، ایک یونٹ ہوں گے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو

پورے صوبے کو صاف وستھرا بنانے کا تہیہ کرلیا ہے، صفائی وستھرائی اور تجاوزات کے خلاف آپریشن کا آغاز پشاور سے کیا، کسی کی سفارش نہیں چلے گی



پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وفاق کے ساتھ چلیں گے، سب صوبوں کے ساتھ ایک پیج پر ہوں گے، اب ہمارے اختلافات نہیں ہوں گے، ایک یونٹ ہوں گے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے اپنے دفتر میں کھلی کچہری

کھلی کچہری میں 24 سے زائد شہریوں نے شرکت کی

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 24 سے زائد

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بیرون ممالک کی جیلوں میں 21 ہزار سے زائد پاکستانیوں کے قید ہونے کا انکشاف

جس میں انکشاف کیا ہے گیا ہے کہ بیرون ملک میں قید 21 ہزار 647 پاکستانیوں میں سے 8 ہزار 569 کو سزائیں سنائی جا چکی ہین۔ وزارت خارجہ کے مطابق 13000 سے زائد قیدیوں کا ٹرائل بیرون ملک عدالتوں میں جاری ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت خارجہ کی پیش کردہ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ 21 ہزار 647 پاکستانی 71 ممالک کی جیلوں میں مختلف جرائم میں ملوث ہونے کی وجہ سے قید ہیں۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق وزارت خارجہ نے بیرون ملک میں قید پاکستانیوں کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کردیں جس میں انکشاف کیا ہے گیا ہے کہ بیرون ملک میں قید 21 ہزار 647 پاکستانیوں میں سے 8 ہزار 569 کو سزائیں سنائی جا چکی ہین۔ وزارت خارجہ کے مطابق 13000 سے زائد قیدیوں کا ٹرائل بیرون ملک عدالتوں میں جاری ہے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ بیرون ملک قید پاکستانی منشیات کرنسی اور انسانی سمگلنگ جعل سازی سمیت دیگر جرائم میں ملوث ہونے کی وجہ سے جیلوں میں ہیں۔

عظمیٰ بخاری کی صاحبزادی ودیعت فاطمہ رشتہ ازدواج میں منسلک

ودیعت فاطمہ کا نکاح بیرسٹر سید موسیٰ رضا کے ساتھ ہوا، جس میں سیاسی وسرکاری شخصیات نے بھی شرکت کی

تقریب کے دوران عظمیٰ بخاری نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے دولہا کا تعارف کرایا



لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب کی صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری کی صاحبزادی ودیعت فاطمہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئیں۔ ودیعت فاطمہ کا نکاح بیرسٹر سید موسیٰ رضا کے ساتھ ہوا، جس میں سیاسی وسرکاری شخصیات نے بھی شرکت کی۔ تقریب کے دوران عظمیٰ بخاری نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے دولہا کا تعارف کرایا۔ نکاح کی تقریب میں صوبائی وزیر صحت سلمان رفیق، ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ظہیر اقبال چنڑ، معاون خصوصی سلمی بٹ اور پارلیمانی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاک فوج کی قربانیوں پر کوئی شک نہیں: نواز شریف

مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے لندن میں ایون فیلڈ سے روانگی کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کی

لندن (سی ایم مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہیکہ پاک فوج کی قربانیوں پر کوئی شک نہیں ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے لندن میں ایون فیلڈ سے روانگی کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کی۔ پاک فوج کی قربانیوں سے متعلق سوال پر سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا کہ فوج کی قربانیوں پر کوئی شک ہی نہیں، ہمارے فوجی ہڑی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور چیمبر آف کامرس الیکشن نتائج

اتحاد گروپ نے 24 میں سے 13 سیٹیں جیت کر میدان مار لیا

چیمہ گروپ نے 24 میں سے 13 نشستیں حاصل کی جبکہ بزنس گروپ نے 11 سیٹیں حاصل کی

الیکشن کمیشن کے ممبران انجم نوید، غلام مرتضیٰ، طارق اعجاز گورائیہ اور سیکریٹری جنرل سید عبیر حیدر نے

بہاول پور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے الیکشن سال 28-2026 کے نتائج کا اعلان کیا

بہاول پور (ملک طارق سے) بہاول پور چیمبر آف کامرس الیکشن نتائج، اتحاد گروپ نے 24 میں سے 13 سیٹیں جیت کر میدان مار لیا، چیمہ گروپ نے 24 میں سے 13 نشستیں حاصل کی جبکہ بزنس گروپ نے 11 سیٹیں حاصل کی الیکشن کمیشن کے ممبران انجم نوید، غلام مرتضیٰ، طارق اعجاز گورائیہ اور سیکریٹری جنرل سید عبیر حیدر نے بہاول پور چیمبر آف کامرس اینڈ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں۔

جامعات کو تحقیق، اختراع اور ٹیکنالوجی کے فروغ کے ذریعے قومی معیشت کی ترقی کا محرک بننا ہوگا

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ جامعات کو تحقیق، اختراع اور ٹیکنالوجی کے فروغ کے ذریعے قومی معیشت کی ترقی کا محرک بننا ہوگا۔ نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) کے ماسٹرز کانووکیشن 2026 کی پیر کو منعقد ہونے والی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے فارغ التحصیل ہونے والے طلبہ پر زور دیا کہ وہ پاکستان کی معاشی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان برآمدات، فی کس آمدنی اور ٹیکنالوجی کے سفر میں دنیا سے پیچھے ہے جبکہ برآمدی منڈیوں تک رسائی، ٹیکنالوجی کے استعمال اور ملکی معیشت

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایس ایم ایز کیلئے بینکوں کے قرضوں میں 33 فیصد اضافہ ہوا، سٹیٹ بینک

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ملک میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو بینکوں کی جانب سے فراہم کردہ قرضوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سٹیٹ بینک کے مطابق کیلنڈر سال کی دوسری سہ ماہی کے اختتام پر بینکوں کی جانب سے ایس ایم ایز کو فراہم کردہ قرضوں کا حجم 943 ارب روپے تک پہنچ گیا جو گزشتہ سال کی اسی مدت

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چولستانی کسانوں کو زرعی اراضی کی فراہمی

سے ان کیلئے پائیدار روزگار کے مواقع پیدا ہونگے

زرعی اراضی کی الاٹمنٹ شفاف قرعہ اندازی، میرٹ اور مکمل جانچ پڑتال کے بعد عمل میں لائی گئی ہے تاکہ حقیقی مستحقین کو ان کا حق مل سکے، ملک ظہیر اقبال چنڑ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی کسان دوست پالیسیوں کے تحت چولستانی کسانوں کی معاونت کی جارہی ہے، کمشنر عرفان علی کاٹھیا

بہاول پور (پ ر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے تحت ''اپنا کھیت، اپنا روزگار'' پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے۔ اس سلسلے میں بہاولپور میں مستحق چولستانی کسانوں میں پانچ، پانچ ایکڑ زرعی اراضی کے پے آرڈرز تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ، کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا، ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا،

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اشیائے خوراک کی برآمدات میں پہلی سہ ماہی کے دوران 25 فیصد اضافہ ہوا، سٹیٹ بینک

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ملک سے اشیائے خوراک کی برآمد میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران سالانہ بنیاد پر 25 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سٹیٹ بینک کے مطابق مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی میں اشیائے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمتوں میں گزشتہ ہفتے معمولی اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمتوں میں گزشتہ ہفتے کے دوران معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق 15 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتہ کے دوران ملک کے شمالی شہروں اور علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1,619 روپے ریکارڈ کی گئی، جو پیوستہ ہفتے کی 1,613 روپے کی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آئندہ سال بجلی چوری ٹرانسفارمر پر لوڈ شیڈنگ ہوگی، اویس لغاری

بجلی چوری والے فیڈرز کے بجائے

اگلے سال جون سے بجلی چوری کرنے والے فیڈرز کے بجائے ٹرانسفارمر پر لوڈ شیڈنگ ہوا کرے گی، میڈیا سے گفتگو

ملک بھر میں انتظامی یونٹ کے قیام کیلئے پارٹی سطح پر مشاورت ہو رہی ہے، مسلم لیگ (ن) نہ صرف جنوبی پنجاب اور بہاولپور صوبوں کے قیام کیلئے اسمبلی میں قرارداد منظور کر چکی ہے



ڈی جی خان (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ اگلے سال جون سے بجلی چوری کرنے والے فیڈرز کے بجائے ٹرانسفارمر پر لوڈ شیڈنگ ہوا کرے گی۔ ڈیرہ غازی خان میں فاروق احمد خان لغاری

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کے احکامات

ضلع بھر میں اہم تنصیبات پر پولیس کے افسران وجوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کے احکامات، بہاولپور پولیس ضلع بھر میں امن وامان برقرار رکھنے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر الرٹ ہے۔ بالخصوص عدالت اور اس کے گرد ونواح میں سکیورٹی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

موجودہ حکومت کے کیسز بھی کھلے ہیں، صرف تشہیر نہیں ہو رہی: چیئرمین نیب

پوچھا جاتا ہے موجودہ حکومت کے کیس کب کھولیں گے؟ کس نے کہا کیس نہیں کھلے، موجودہ حکومت کے کیس کھلے ہوئے ہیں

میرا یہ نظریہ نہیں کہ سسٹم بیٹھ چکا ہے، صرف چیلنجز ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کے کیسز بھی کھلے ہوئے ہیں، متعلقہ ایم این ایز اور ایم پی ایز کو پتہ ہے کس کس کا کیس کھلا ہے، صرف میڈیا پر ابھی تشہیر نہیں ہو رہی۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ پوچھا جاتا ہے موجودہ حکومت کے کیس کب کھولیں گے؟ کس نے کہا کیس نہیں کھلے، موجودہ حکومت کے کیس کھلے ہوئے ہیں،

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



2 فیصد سائنسدانوں کی جاری کردہ فہرست میں شامل کیا گیا

آئی یو بی کے 38 سائنسدانوں (محققین) کو دنیا کے اعلیٰ ترین

یہ فہرست سٹینفورڈ یونیورسٹی امریکہ اور معلومات کی تجزیہ کار نامور عالمی کمپنی ایلسیویئر کی طرف سے شائع کی گئی

ہر سال اس فہرست میں دنیا بھر کے ان سائنسدانوں کو شامل کیا جاتا ہے

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے 38 سائنسدانوں (محققین) کو دنیا کے اعلیٰ ترین 2 فیصد سائنسدانوں کی جاری کردہ فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ فہرست سٹینفورڈ یونیورسٹی امریکہ اور معلومات کی تجزیہ کار نامور عالمی کمپنی ایلسیویئر کی طرف سے شائع کی گئی ہے۔ ہر سال اس فہرست میں دنیا بھر کے ان سائنسدانوں کو شامل کیا جاتا ہے جنہوں نے اپنے شعبوں میں

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کے احکامات، ضلع بھر میں اہم تنصیبات پر پولیس کے افسران وجوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔

ایم پی اے سعدیہ بلال نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران سے ملاقات کی

ملاقات میں طلبہ کی تعلیمی، تربیتی اور فلاحی ضروریات، تعلیمی معیار میں بہتری اور انہیں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا



بہاول پور: رکن صوبائی اسمبلی سعدیہ بلال وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران سے ملاقات کر رہی ہیں، سینئر نائب صدر مسلم لیگ (ن) لائرز ونگ بلال محمود ملک بھی موجود ہیں۔

بہاول پور (پ ر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق نوجوان نسل کو معیاری تعلیم کی فراہمی، ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور روشن مستقبل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اسی سلسلے میں رکن صوبائی اسمبلی سعدیہ بلال نے وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران سے ملاقات کی۔ ملاقات میں طلبہ کی تعلیمی، تربیتی اور فلاحی ضروریات، تعلیمی معیار میں بہتری اور انہیں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران رکن صوبائی اسمبلی سعدیہ بلال نے کہا کہ طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سول ایوی ایشن اتھارٹی کی ٹیمیں منصوبے پر کام کر رہی ہیں، وزیر توانائی

ڈی جی خان ایئرپورٹ کو بین الاقوامی پروازوں کے لئے اپ گریڈ کرنے کے اعلان پر کام شروع ہو گیا ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے ڈی جی خان ایئرپورٹ کو بین الاقوامی پروازوں کے لئے اپ گریڈ کرنے کے اعلان پر کام شروع ہو چکا ہے، ساڑھے پانچ ارب روپے کی لاگت سے ایئرپورٹ کا توسیعی منصوبہ جنوری

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاق کے ساتھ چلیں گے، سب صوبوں کے ساتھ ایک پیج پر ہوں گے: فیصل کریم کنڈی

ہم نے پورے صوبے کو صاف وستھرا بنانے کا تہیہ کرلیا ہے

پشاور (سی ایم لنکس) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وفاق کے ساتھ چلیں گے، سب صوبوں کے ساتھ ایک پیج پر ہوں گے، اب ہمارے اختلافات نہیں ہوں گے، ایک یونٹ ہوں گے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ ہم نے پورے صوبے کو صاف وستھرا بنانے کا تہیہ کرلیا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت وپیداوار سے یونیڈو کے وفد کی ملاقات

صنعتی ترقی، گرین انرجی اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون کے نئے امکانات پر غور

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت وپیداوار ہارون اختر خان سے اقوام متحدہ کے صنعتی ترقی کے ادارے (یونیڈو) کے وفد نے ملاقات کی جس میں صنعتی ترقی، بین الاقوامی تعاون، موسمیاتی تبدیلی، توانائی، مسابقت اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت صنعت وپیداوار کے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ ہوا

جس میں گوتھ اے آئی نے پاکستانی اساتذہ کیلئے چار ہزار فری پریمیم سبسکرپشنز فراہم کرنیکا اعلان کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ ہوا، جس میں گوتھ اے آئی نے پاکستانی اساتذہ کیلئے چار ہزار فری پریمیم سبسکرپشنز فراہم کرنیکا اعلان کیا ہے۔ پاکستان میں تعلیم کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کے استعمال اور جدید تعلیمی سہولتوں کے فروغ کے لیے وفاقی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس

اشیائے خورونوش کی اضافی پیداوار کی برآمد میں حائل رکاوٹیں دور کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے متعلقہ حکام کو ضروری اشیائے خورونوش کی اضافی پیداوار کی برآمد میں حائل رکاوٹیں دور کرنے اور تجارت میں سہولت فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے بیان کے مطابق نائب وزیراعظم کی زیر صدارت ضروری

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم کا قلات و گوادر میں 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

پسنی دھماکے میں جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید شہید کو خراج عقیدت پیش

لاہور (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشنز میں 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے میں جام شہادت نوش کرنے والے 34 سالہ میجر وجاہت

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

قائم مقام گورنر سندھ سید اویس قادر شاہ سے پرتگال کے سفیر کی ملاقات

دوطرفہ تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

کراچی (سی ایم لنکس) قائم مقام گورنر سندھ سید اویس قادر شاہ سے پاکستان میں پرتگال کے سفیر پاؤلو سیگوئل گیدیز ڈونگیش نے سندھ اسمبلی میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور پرتگال کے درمیان دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی تعاون، تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت، ثقافتی تبادلوں اور مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پرتگال کے سیاسی امور کے افسر ڈیوڈ آرکاؤ، کراچی میں نامزد

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

خبر نمبر 01

بڑھا ہے، یہ معاہدہ تین مالک کی سوچ کا مجموعہ ہے۔انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سلامت اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کیلئے اولین ترجیح ہے، حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، پاکستان کا موقف بالکل واضح اور دوٹوک ہے، پاکستان کا پیغام سیاسی قیادت اور فیلڈ مارشل کے ذریعے پہلے ہی سامنے آچکا ہے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے مزید کہا کہ مقدس مقامات پر حملوں پر عوام، سیاسی اور عسکری قیادت میں شدید غم وغصہ ہے، تنازعات کے اتار چڑھاؤ کسی بھی سطح پر بڑھانے سے کسی ملک کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا تھا کہ مشرق وسطی کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے، مذاکراتی حل میں ناکامی اور فوجی تصادم پر مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئیگا، مکہ الائنس کی قیادت اور لائحہ عمل واضح ہے کہ اس کا کوئی جارحانہ ارادہ نہیں۔ترجمان پاک فوج نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی پر یقین رکھتے ہیں، یہ اتحاد کسی خاص ملک کیخلاف نہیں، اس اتحاد کا مقصد خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینا ہے، مسلمانوں کو آپس میں لڑنیکے بجائے متحد ہونیکی ضرورت ہے۔

خبر نمبر 02

نواز کے وژن کے تحت تعلیمی اداروں میں محفوظ ماحول کی فراہمی اور طلبہ وطالبات کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے بلڈنگ سیفٹی سرٹیفکیٹس کے اجرا اور عمارتوں کے تکنیکی معائنے کے عمل کو مؤثر اور تیز رفتار بنایا جارہا ہے۔کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا کی زیر صدارت بلڈنگ سیفٹی سرٹیفکیٹس کے اجرا کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ڈویژن بھر کے سرکاری ونجی تعلیمی اداروں کی عمارتوں کی حفاظت سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا جبکہ ڈپٹی کمشنر بہاولنگر سید عباس شاہ اور ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان ظہیر انور چیمہ نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے ہدایت کی کہ بہاولپور ڈویژن کے تمام سرکاری ونجی سکولوں، کالجز، مدارس، ٹیوشن سینٹرز، اکیڈمیز اور ہاسٹلز کی عمارتوں کا جامع تکنیکی معائنہ کیا جائے اور مقررہ معیارات پر پورا اترنے والی عمارتوں کو بلڈنگ سیفٹی سرٹیفکیٹ جاری کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ سرٹیفکیٹس کے اجرا سے قبل عمارتوں کی مضبوطی، تعمیراتی معیار، حفاظتی انتظامات، منظور شدہ نقشوں اور تعمیراتی قواعد وضوابط کی مکمل جانچ پڑتال یقینی بنائی جائے۔انہوں نے ہدایت کی کہ خستہ حال اور مخدوش عمارتوں کی فوری نشاندہی کر کے انہیں خطرناک قرار دیا جائے اور متعلقہ اداروں کے ذریعے ضروری حفاظتی اقدامات کیے جائیں۔عمارتوں میں موجود حفاظتی خامیوں کو ترجیحی بنیادوں پر دور کرایا جائے تاکہ کسی بھی ممکنہ حادثے سے بچا جاسکے۔معائنے کے دوران ہنگامی اخراج کے راستوں، سیڑھیوں اور دیگر ضروری حفاظتی انتظامات کی دستیابی کو بھی یقینی بنایا جائے۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے اضلاع میں بلڈنگ سیفٹی سرٹیفکیٹس کے اجرا کے عمل کی خود نگرانی کریں اور مقررہ ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔انہوں نے اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی